# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ**

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: نثری اصناف: تعارف و تفہیم (9036) سمسٹر: بہار، 2025ء

سطح: بی ایس اُردو

### (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بر وقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

### (یونٹ: 1 تا 5)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال ۱: 'باغ و بہار' کی لسانی خصوصیات قلم بند کریں۔ 20

سوال ۲: ''توبۃ النصوح' ایک اصلاحی ناول ہے۔'' اس بیان کی وضاحت تفصیل سے کریں۔ 20

سوال ۳: 'چاندنی بیگم' کا فکری و فنی جائزہ پیش کریں۔ 20

سوال ۴: اردو ڈرامے کے آغاز وارتقا پر ایک جامع مضمون تحریر کریں۔ 20

سوال ۵: آپ بیتی اور سوانح عمری میں فرق واضح کرتے ہوئے ''زندہ رود'' کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ 20

# امتحان مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال ۱: شاہد احمد دہلوی کے کسی ایک خاکے کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ 20

سوال ۲: سفر نامے کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ نیز بیسویں صدی کے اردو سفر نامے کو مختصراً بیان کریں۔ 20

سوال ۳: اردو طنز و مزاح کی تاریخ میں ''مضامینِ پطرس'' کو منفرد مقام حاصل ہونے کے اسباب پر روشنی ڈالیں۔ 20

سوال ۴: انشائیہ نگاری کی تاریخ میں وزیر آغا اور نظیر صدیقی کو منفرد مقام حاصل ہونے کے اسباب پر روشنی ڈالیں۔ 20

سوال ۵: آپ بیتی کے عناصرِ ترکیبی تحریر کریں نیز ''سرگذشت'' کے اسلوب پر روشنی ڈالیں۔ 20